102

آیات نمبر 44 تا 47 میں یہود کو ملامت کہ جس کتاب کے وہ امین بنائے گئے تھے اس کے
احکام سے گریزاں ہیں۔ نصاریٰ کو تنبیہ کہ انہیں بھی انجیل کے مطابق فیصلے کرنے کا حکم دیا
گیا تھا اور یہ کہ خلاف ورزی کرنے والے نافرمان اور عہد شکن قرار پائیں گے

اِنَّآ اَنۡزَلۡنَا التَّوۡرٰىةَ فِيۡهَا هُدًى وَّ نُوۡرٌ ۚ بیشک ہم نے تورات نازل کی تھی
جس میں ہدایت بھی تھی اور نور بھی تھا يَحۡكُمُ بِهَا النَّبِيُّوۡنَ الَّذِيۡنَ
اَسۡلَمُوۡا لِلَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَ الرَّبّٰنِيُّوۡنَ وَ الۡاَحۡبَارُ بِمَا اسۡتُحۡفِظُوۡا مِنۡ
كِتٰبِ اللّٰهِ وَ كَانُوۡا عَلَيۡهِ شُهَدَآءَ ۚ بنی اسرائیل کے انبیاء، اولیاء اور علماء جو
اللہ کے فرمانبردار بندے تھے یہود کو اسی تورات کے مطابق حکم دیا کرتے تھے،
کیونکہ ان کو اس کتاب کی حفاظت کا ذمہ دار قرار دیا گیا تھا اور وہ اس کتاب کے نگہبان
تھے اس کے مقابلہ میں قرآن جو کہ آخری کتاب ہے، اس کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ نے فرمایا
ہے۔ [بے شک ہم ہی نے یہ قرآن نازل کیا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کے محافظ ہیں 15:9] فَلَا
تَخۡشَوُا النَّاسَ وَ اخۡشَوۡنِ وَ لَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰيٰتِىۡ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ وَ مَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ
بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۤـئِكَ هُمُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿۴۴﴾ پس اے اہل یہود! تم لوگوں سے نہ ڈرو
اور صرف مجھ ہی سے ڈرو اور میرے احکام کو حقیر قیمت کے عوض نہ بیچا کرو، اور جو لوگ
اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو ایسے ہی لوگ کافر ہیں وَ كَتَبۡنَا
عَلَيۡهِمۡ فِيۡهَاۤ اَنَّ النَّفۡسَ بِالنَّفۡسِ ۙ وَ الۡعَيۡنَ بِالۡعَيۡنِ وَ الۡاَنۡفَ بِالۡاَنۡفِ وَ
الۡاُذُنَ بِالۡاُذُنِ وَ السِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَ الۡجُرُوۡحَ قِصَاصٌ ؕ اور ہم نے ان یہود پر



تورات میں یہ فرض کر دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے
بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور اسی طرح زخموں کا بھی
بدلہ ہے فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۴۵ پھر جس شخص نے اپنا بدلہ معاف کر دیا تو یہ معافی اس
معاف کرنے والے کے لئے گناہوں کا کفارہ ہو گا، اور جو لوگ اللہ کے نازل کردہ احکام کے
مطابق فیصلہ نہ کریں تو ایسے ہی لوگ ظالم ہیں وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ
مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى
وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۴۶ ؕ
اور ان پیغمبروں کے پیچھے ہم نے ان ہی کے نقشِ قدم پر عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) کو
بھیجا وہ اس تورات کی تصدیق کرنے والے تھے جو ان سے پہلے نازل ہوئی تھی اور ہم نے ان
کو انجیل عطا کی تھی جس میں ہدایت اور نور تھا اور یہ انجیل بھی اپنے سے پہلے کی کتاب
تورات کی تصدیق کرنے والی تھی اور وہ انجیل اللہ سے ڈرنے والوں کے لئے سراسر ہدایت
اور نصیحت تھی وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ
يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝۴۷ اور اہلِ انجیل کو بھی چاہئیے کہ
جو کچھ اللہ نے انجیل میں نازل فرمایا ہے اس کے مطابق فیصلہ کیا کریں، اور جو لوگ اللہ
تعالٰی کی نازل کردہ تعلیمات کے مطابق فیصلہ نہ کریں تو وہی لوگ فاسق ہیں

[# 102]

In verses 44 to 47, the Jews are reprimanded for avoiding the commandments of the book of which they were made the guardians. A warning to Christians that they too were commanded to make decisions according to the Gospel and that those who transgressed would be called disobedient and covenant breakers.

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ ۚ

Surely it is We, who sent down the Torah [to Moses]. In it there is guidance and light.

يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَ
الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَ الْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَ
كَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ

The prophets, saints, and scholars among the Children of Israel, who submitted themselves to Allah, made judgments for the Jews [in accordance with the Torah]. This was because they were entrusted with the preservation of this book, and they were witness to it.

In contrast, the Quran, being the last book, Allah Himself has taken on the responsibility of its preservation. [We, Ourselves, have sent down the Reminder (the Qur‘an), and We are there to protect it. [15 Surah Alhijr, verse 9]

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَ اخْشَوْنِ وَ لَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِیْ ثَمَنًا
قَلِیْلًا ؕ وَ مَنْ لَّمْ یَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ
الْكٰفِرُوْنَ۝۴۴

[Allah said to the Jews] So do not fear the people but fear Me, and do not exchange My verses for a small price. And those who do not judge according to what Allah has revealed - then it is those who are the disbelievers.

وَ كَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَ الْعَیْنَ
بِالْعَیْنِ وَ الْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَ الْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَ السِّنَّ
بِالسِّنِّ ۙ وَ الْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ

Now in it, We prescribed for them: a life for a life, an eye for an eye, a nose for a nose, an ear for an ear, a tooth for a tooth, and retribution for wounds.

فَمَنۡ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ‌ ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ
اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ‏ ﴿۴۵﴾

But whoever gives [up his right as] charity, it is an expiation [for his sins]. And whoever does not judge by what Allah has revealed - then it is those who are the wrongdoers.

وَ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ ۙ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ؕ﴿۴۶﴾

And [after the prophets of Bani Israel] We sent, following in their footsteps, Jesus, the son of Mary, confirming that which came before him in the Torah; and We gave him the Gospel, in which was guidance and light and confirming that which preceded it of the Torah along with [further] guidance and instruction for the righteous.

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ
يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝٤٧

And let the People of the Gospel judge by what Allah has revealed therein. And whosoever does not judge by what Allah has revealed - then it is those who are the defiantly disobedient.